ع . ق . ادارہ

تعارف وتبصرۂ کتب



تحفۂ علم وحکمت | تالیف : ابو عامر مولانا محمد اسحاق خان ۔ صفحات ۴۲۵ ۔ قیمت ۵۰ روپے

پتہ : دارالعلوم تعلیم القرآن ، پلندری ۔ پونچھ آزاد کشمیر ۔

" تحفۂ علم وحکمت " ، علامہ محی الدین نووی کی جمع کردہ چالیس حدیثوں اور علامہ ابن رجب حنبلی کی دس حدیثوں کو شامل کرکے گویا پچاس حدیثوں کی یہ مفصل اور دلنشیں اردو شرح ہے جس میں مؤلف نے حالات حاضرہ ، گرد و پیش کے مسائل ، اخذ و نتائج اور بیان و فوائد میں یکجا طور اہم خصوصیات جمع کر دیں ۔ اور جگہ جگہ منحرفین اہل بدع وہوی اور مشوہین کا بھی خوب نوٹس لیا ہے مسئلہ بشریت انبیاء اور علم غیب کی حقیقت بھی ٹھوس دلائل سے ثابت کی ہے ۔

مؤلف کا تعلق آزاد کشمیر سے ہے وہاں کی اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن ہونے کے علاوہ اسلامک مشن برائے متحدہ عرب امارات کے بھی رکن ہیں ۔ مولانا محمد یوسف خان (دارالعلوم پلندری) مولانا محمد یوسف بنوریؒ اور مولانا خیر محمد جالندھری سے اکتساب فیض کیا ہے ۔ اور چار سال تک مدینہ یونیورسٹی میں زیر تعلیم رہے ۔ اور وہاں مسجد نبویؐ میں درس قرآن بھی دیتے رہے ۔ آپ کے دینی ، تعلیمی ، سیاسی ، سماجی خدمات اور تصنیف وتالیف کے میدان میں کارہائے نمایاں نے آپ کو علمی حلقوں میں مقبولیت بخشی اور اب ۴۲۵ صفحات کا " تحفۂ علم وحکمت " واقعۃً موصوف کا ایک عظیم علمی شاہکار اور گراں قدر تحفہ ہے ۔ جو اسلامیان ملت کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے ۔ کتابت وطباعت اعلیٰ ، جلد بندی عمدہ ، طرز تحریر سلیس ، دلنشیں اور آسان اتنا کہ ہر پڑھا لکھا آدمی اس سے بآسانی استفادہ کر سکتا ہے ہر طبقہ کے لئے بیحد مفید ہے ۔

ماہنامہ الخیر | پتہ ۔ جامعہ خیر المدارس ۔ اورنگ زیب روڈ ملتان ۔ صفحات ۴۸ ۔ فی پرچہ ۳ روپے سالانہ چندہ ۳۰ روپے ۔

جامعہ خیر المدارس ایک قدیم اور عظیم دینی درسگاہ ہے جس کے بانی علامہ مولانا خیر محمد جالندھریؒ ہیں ۔